# 28-11-2024 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱) طلبہ کے سمیت غذا سے متاثر ہونے کے واقعات کے ضمن میں ریاستی حکومت نے دو کمیٹیاں تشکیل دی ہیں، تا کہ حفظانِ صحت کو یقینی بنایا جا سکے اور غذا کی تیاری و تقسیم کے عمل میں جوابدہی یقینی ہو۔

۲) وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی نے ریاست بھر کے اقامتی اداروں، سرکاری اسکولوں اور ہاسٹلوں میں طلبہ کو حفظانِ صحت پر مشتمل صحتمند غذا کی فراہمی میں تن آسانی کے خلاف ضلع کلکٹرس کو انتباہ دیا ہے۔

۳) ریاستی حکومت کی جانب سے زرعی قرض جات معاف کرنے کی اسکیم کے تحت دیگر کسانوں کے بینک اکاؤنٹ میں اس ماہ کی 30 تاریخ تک رقم جمع کرا دی جائے گی۔

۴) ایک مخصوص کاروباری گروپ کے خلاف رشوت ستانی کے مبینہ الزامات سمیت مختلف معاملات پر اپوزیشن پارٹیوں کی جانب سے شور وغل کے درمیان پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں کی کارروائی دن بھر کیلئے ملتوی کر دی گئی۔

☆☆☆

ایک مخصوص کاروباری گروپ کے خلاف رشوت ستانی کے مبینہ الزامات سمیت مختلف معاملات پر اپوزیشن پارٹیوں کی جانب سے شور وغل کے درمیان پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں کی کارروائی دن بھر کیلئے ملتوی کر دی گئی۔ جب آج صبح لوک سبھا کی کارروائی شروع ہوئی تو کانگریس، سماج وادی پارٹی، DMK اور دیگر نے ایک مخصوص کاروباری گروپ کے خلاف رشوت کے مبینہ الزامات سمیت مختلف معاملات پر شور وغل کیا۔ پہلی بار 12 بجے تک کیلئے ملتوی کئے جانے کے بعد، جب راجیہ سبھا کی کارروائی پھر شروع ہوئی تو کانگریس، بائیں بازو، DMK، TMC، سماج وادی پارٹی اور عام آدمی پارٹی اور دیگر نے شور وغل جاری رکھا، جس کے سبب ایوان کی کارروائی دن بھر کیلئے ملتوی کر دی گئی۔ راجیہ سبھا کے صدر نشیں جگدیپ دھنکھڑ نے اپوزیشن ممبران سے اپنی نشستوں پر واپس جانے کی اپیل کی لیکن انہوں نے نعرے بازی جاری رکھی۔ لوک سبھا کی کارروائی پہلی مرتبہ دن میں 12 بجے تک کیلئے ملتوی کئے جانے کے بعد، جب دوبارہ شروع ہوئی، تو اپوزیشن کے ارکان مختلف معاملات پر نعرے بازی کرتے ہوئے ایوان کے وسط میں آ گئے۔ صدر نشیں نے بار بار ایوان کی کارروائی چلنے دینے کی اپیل کی لیکن اس کے باوجود احتجاج جاری رہا۔ اس کے سبب ایوان کی کارروائی دن بھر کیلئے ملتوی کر دی گئی۔ پارلیمانی امور کے وزیر کرن رجیجو نے ایوان میں اپوزیشن کے طرزِ عمل کی مذمت کی۔ اس دوران وقف ترمیمی بل 2024 پر مشترکہ پارلیمانی کمیٹی کے چیئرمین جگدمبیکا پال نے کمیٹی کی رپورٹ بجٹ اجلاس 2025 کے آخری دن پیش کرنے کیلئے توسیع کی خاطر ایک تحریک پیش کی، جسے ایوان نے منظور کر لیا گیا۔ اِس سے پہلے کانگریس لیڈر پرینکا گاندھی واڈرا اور رویندر وَسنت راؤچوان نے لوک سبھا میں رکنِ پارلیمنٹ کی حیثیت سے حلف لیا، جنہوں نے حال ہی میں ضمنی چناؤ جیتا ہے۔

☆☆☆

حال ہی میں بعض طلبہ کے سمیت غذا سے بیمار ہونے کے واقعہ کے تناظر میں تلنگانہ حکومت نے ریاست بھر کے تعلیمی اداروں میں غذا کو محفوظ بنانے کے سلسلہ میں سرگرم اقدامات شروع کئے ہیں۔ چیف سکریٹری شانتی کماری نے آج اس سلسلہ میں احکام جاری کئے۔ دو کمیٹیاں تشکیل دی گئی ہیں جو پکوان کی تیاری اور تقسیم کے عمل میں حفظانِ صحت اور دیگر امور پر نظر رکھیں گی۔ ادارہ جاتی سطح کی فوڈ سیفٹی کمیٹی، متعلقہ ادارہ کے سربراہ یعنی

ہیڈ ماسٹر، پرنسپل یا وارڈن کے ساتھ اس کمیٹی میں دو اسٹاف ممبرس کو شامل کیا جائے گا۔ اس کمیٹی کی ذمہ داری ہوگی کہ باورچی خانوں کا معائنہ کرے گی اور حفظانِ صحت کے معیار کا جائزہ لینے کے علاوہ غذا کے معیار کو بہتر بنانے کو یقینی بنائے گی۔ اِس مسئلہ سے بڑے پیمانے پر نمٹنے کے لئے ایک ٹاسک فورس کمیٹی بھی قائم کی گئی ہے۔ ریاستی سطح کی یہ کمیٹی، کمشنر فوڈ سیفٹی، متعلقہ ادارہ کا سربراہ اور ضلع سطح کے ایک عہدیدار پر مشتمل رہے گی۔ یہ کمیٹی ہر دفعہ غذا کی تیاری سے قبل اسٹور روم اور کیچن کا معائنہ کرے گی۔

☆☆☆

تلنگانہ آئی پی ایس آفیسرس اسوسی ایشن نے بی آر ایس پارٹی کے کارگذار صدر و سرسلہ ایم ایل اے تارک راما راوٴ کی جانب سے ضلع سرسلہ کے کلکٹر کے خلاف بے بنیاد اور توہین آمیز الزامات عائد کئے جانے کی مذمت کی ہے۔ اسوسی ایشن نے کہا کہ اِس طرح کے ریمارکس حکومت کے قواعد کی خلاف ورزی ہیں اور دستوری طور پر غلط ہیں۔ اسوسی ایشن نے کہا کہ عہدیدار ڈیوٹی کے دوران بلا خوف وخطر خدمات انجام دیتے ہیں۔ اسوسی ایشن کے مطابق عہدیداروں کے ساتھ اس طرح کا رویہ نامناسب ہے۔ اس سے ان کی کارکردگی متاثر ہوتی ہے اور حکومت کے تعلق سے عوام کا اعتماد بھی متزلزل ہوتا ہے۔

☆☆☆

محنت و روزگار کے مرکزی وزیر منسکھ منڈاویا نے آج کہا ہے کہ ای شرم پورٹل پر 30 کروڑ 40 لاکھ سے زائد غیر منظّم شعبوں کے ملازمین نے اپنے نام درج کروائے ہیں۔ اِس سے یہ بات ظاہر ہوتی ہے کہ یہ پورٹل کس قدر مقبول ہو رہا ہے۔ وزیر نے راجیہ سبھا میں ایک تحریری جواب دیتے ہوئے کہا کہ اس سے اس بات کا اظہار ہوتا ہے کہ حکومت ملک کے غیر منظّم مزدوروں کی حمایت کے لئے کس قدر منظّم ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ کوئی بھی غیر منظّم شعبہ کا ملازم اپنے طور پر مذکورہ پورٹل پر اپنا نام درج کروا سکتا ہے۔

☆☆☆

وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی نے جامع گھریلو سروے کے تحت آج اپنے خاندان کی تفصیلات درج کروائیں۔ حیدرآباد کے کلکٹر انو دیپ درشتی، جی ایچ ایم سی کمشنر ایلم برتی، چیف منسٹر کے خصوصی سکریٹری اجیت ریڈی اور دیگر اِس موقع پر موجود تھے۔ ریونت ریڈی نے عہدیداروں سے اِس سروے کی پیشرفت کے تعلق سے تفصیلات حاصل کی اور عوام کا ردِ عمل بھی جانا۔ ریونت ریڈی نے عہدیداروں کو ہدایت دی کہ حیدرآباد کے حدود میں مذکورہ سروے میں تفصیلات درج کرنے کے لئے وی وی آئی پیز، آئی اے ایس، آئی پی ایس، ارکانِ پارلیمنٹ، ارکان اسمبلی اور دیگر عوامی نمائندوں کے لئے خصوصی مہم چلائی جائے۔ ریونت ریڈی نے اس موقع پر عہدیداروں کو ہدایت دی کہ اس بات کو یقینی بنایا جائے کہ سرکاری ملازمین بھی مذکورہ سروے کے تحت اپنی تفصیلات درج کروائیں۔

☆☆☆

اس سال کے دوران بم کی دھمکی والے تقریباً ایک ہزار جھوٹے پیامات اور کالس موصول ہوئے ہیں۔ گزشتہ سال کے مقابلہ میں یہ تعداد 8 گنا زیادہ رہی۔ لوک سبھا میں ایک سوال پر تحریری جواب دیتے ہوئے مملکتی وزیر برائے شہری ہوا بازی مرلی دھر موہول نے کہا کہ سال 2023ء کے دوران بم کی دھمکی والے جملہ 122 جھوٹے کال سے موصول ہوئے۔ انہوں نے بتایا کہ صرف اس سال کے دوران زائد از 250 ایف آئی آر درج کئے گئے اور 12 افراد کو گرفتار کیا گیا۔ مرلی دھر نے بتایا کہ حکومت جھوٹی دھمکیوں کے معاملہ سے نمٹنے کے لئے ایر کرافٹ کے قوانین برائے 2023ء میں ترمیم لانے پر غور کر رہی ہے۔

☆☆☆

وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے ریاست بھر کے اقامتی اداروں، سرکاری اسکولوں اور ہاسٹلوں میں طلبہ کوحفظانِ صحت پر مشتمل صحتمند غذا کی فراہمی میں تن آسانی کے خلاف ضلع کلکٹرس کوانتباہ دیا ہے۔ وزیراعلیٰ نے طلبہ کوغیر معیاری کھانا فراہم کئے جانے کے معاملہ پرآج تشویش کا اظہار کیا۔ انہوں نے یہ بھی انتباہ دیا کہ اس سلسلہ میں لاپرواہی پرکسی بھی عہدیدار کے ساتھ نرمی نہیں برتی جائے گی۔ وزیراعلیٰ نے زوردیا کہ طلبہ کوصحتمند غذا کی فراہمی میں ناکامی پرمتعلقہ عہدیداروں کو برطرف بھی کیا جاسکتا ہے۔

☆☆☆

کانگریس حکومت کی جانب سے کسانوں کے لئے گزشتہ ایک سال کے دوران شروع کردہ پروگراموں کے تعلق سے تین روزہ کسان فیسٹول کا آج سے محبوب نگرضلع میں آغاز ہوا۔ وزرا ناگیشور راؤ، داموددھر راج نرسمہا اور جوپلی کرشنا راؤ نے اس پروگرام کا افتتاح کیا۔ وزیرزراعت ناگیشور راؤ نے کہا کہ مالی مشکلات کے باوجود حکومت نے زرعی قرض معاف کرنے کی اسکیم کےتحت 22 لاکھ کسانوں کے بینک اکاؤنٹ میں جملہ 18 ہزار کروڑ روپے منتقل کئے ہیں، جبکہ اس اسکیم کےتحت جن کسانوں کوتکنیکی وجوہات کی بناپررقم نہیں ملی، انہیں اس ماہ کی 30 تاریخ کو رقم ادا کردی جائے گی۔ اس پروگرام کےتحت زراعت کے عصری طریقوں قابل نفع سرگرمیوں اور مختلف زرعی اقسام کے تعلق سے کسانوں میں شعور بیداری لائی جائے گی۔

☆☆☆

ناگرکرنول ڈسٹرکٹ شی ٹیم انچارج وجئے لکشمی نے تلکاپلی منڈل میں واقع مہاتما جوتی باپو پھولے جونیر کالج میں ایک بیداری سیشن منعقد کیا۔ اِس سیشن کے دوران وجئے لکشمی نے طلبہ کومشورہ دیا کہ اجنبی نمبر سے آنے والے کالس یا میسیجس کو نہ کھولیں اور سوشیل میڈیا پراپنے پروفائل کے لئے اپنی تصاویر لگانے سے بھی احتراض کریں، خاص طور پرلڑکیوں کو کافی چوکسی اختیار کرنے کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ فوٹو کے ساتھ چھیڑ چھاڑ لڑکیوں کونشانہ بناتے ہوئے جنسی ہراساں کرنے کے واقعات میں اضافہ ہورہا ہے۔

☆☆☆

تلنگانہ ایجوکیشن کمیشن کی جانب سے آج سے ریاست بھر کا دورہ کیا جائے گا۔ کمیشن کے چیرمین اکونوری مرلی اور دیگر ارکان 7 دسمبر تک ریاست بھر کا دورہ کریں گے۔ چیف سکریٹری نے عہدیداروں کو ہدایت دی ہے کہ کمیشن کے دورہ کو کامیاب بنانے کے لئے تمام تر انتظامات کئے جائیں۔ یہ کمیشن عوام سے تجاویز، خیالات اور دیگر مشورے حاصل کرے گا تاکہ ریاست بھر میں تعلیمی شعبہ میں اصلاحات کیلئے ایک جامع پالیسی تیار کی جائے۔ مذکورہ کمیشن نے آج حیدرآباد اور وقارآباد اضلاع کا دورہ کیا جبکہ کل ناگرکرنول، سدی پیٹ، ورنگل اور محبوب نگر کا دورہ کرے گا۔

☆☆☆

تلنگانہ کے گورنر جشنودیو ورما نے آج سرکاری ملازمین پرزوردیا کہ عوام کے ساتھ تعلقات کوٹھوس فروغ دینے کی کوشش کی جائے۔ انہوں نے ریاست کے لئے مختص 2023ء بیچ کے 13 آئی پی ایس عہدیداروں کے ساتھ آج بھون میں بات چیت کی۔ گورنر نے دوران ملازمت دیانتداری، عزم حوصلہ اور ایک سمت پرنظر رکھنے کی ضرورت پرزوردیا اور کہا کہ عہدیداروں کواپنے کیریئر کے دوران مختلف چیالنجس کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے تاہم یہ ان کے لئے ضروری ہے کہ سماج کی بھلائی کے لئے وقف رہے۔